# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 26 August 2026**
**Time : 12:30 / PM**

**Opening**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
دوپہر کے 12 بجکر 30 منٹ ہوئے ہیں
خبروں کا بلیٹن لیکر میں مسرت شاہ۔

**PM**

وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں کل سیوا تیرتھ نئی دلی میں پرگتی کی 53 ویں میٹنگ منعقد ہوئی۔میٹنگ کے دوران وزیر اعظم نے نو ریاستوں میں پھیلے 30 ہزار کروڑ روپے لاگت والے مختلف سیکٹروں کے 6 کلیدی نوعیت کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔وزیر اعظم نے عوامی بہبود کیلئے ان پروجیکٹوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پروجیکٹوں میں تاخیر سے ان کے اخراجات میں اضافہ ہوجاتا ہے۔انہوں نے پروجیکٹوں کے معیار کو یقینی بنانے اور ہر مرحلے پر نگرانی کے عمل کو بڑھانے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لانے پر زور دیا۔

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ ہر ایک سیکٹر میں ایک لیڈر کے طور پر ابھرنے کیلئے بھارت کو اپنی داخلی سیکورٹی مزید مستحکم کرنی چاہیئے۔نئی دلی میں کل نیشنل سیکورٹی سٹریٹیجیز کانفرنس کے اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے سال 2047 تک وکست بھارت کا ہدف مقرر کیا ہے اور ایک ترقی یافتہ بھارت کیلئے داخلی سلامتی کا فعال نظام ہونا لازمی ہے۔انہوں نے کہا کہ تین نئے فوجداری قوانین کی سو فیصد عمل آوری کو اگلے ایک سال کے اندر یقینی بنایا جائے گا۔

**ICMR**

مرکزی حکومت نے کہا ہے کہ وہ ملک بھر میں قومی سطح کے ایک فعال نگرانی نیٹ ورک کے ذریعے سے **Seasonal Respiratory** بیماریوں پر نظر رکھے ہوئے ہے۔نئی دلی میں میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے ہیلتھ ریسرچ محکمے کے سیکرٹری اور **ICMR** کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر راجیو باہی نے کہا کہ ملک میں اس وقت پھیل رہے انفلوو ینزا وائرس حالیہ برسوں کے موسمیاتی **Pattern** کے مطابق دیکھا جارہا ہے۔انہوں نے متاثرہ افراد سے احتیاط برتنے اور وقت پر طبی مشورہ لینے کی تلقین کی ہے۔

عیدمیلا

عید میلا دالنبی ﷺ کی تقریب سعید آج پورے عالم اسلام میں مذہبی جوش وخروش اور تزک واحتشام کے ساتھ منائی جارہی ہے۔اس تعلق سے آج وادی بھر کی خانقاہوں،مساجد اور زیارتگاہوں میں بڑے بڑے دینی اجتماعات منعقد ہورہے ہیں۔سب سے بڑی تقریب آثار شریف درگاہ حضرتبل میں منعقد ہورہی ہے جہاں رات بھر عقیدت مند شب بیداری میں محو رہے۔انہوں نے اپنے گناہوں کی معافی طلب کرنے کے ساتھ ساتھ ملک وقوم کی فلاح وبہبود کیلئے دعائیں مانگیں۔درگاہ حضرتبل میں آج لوگ موئے مقدس آنحضور ﷺ کے دیدار سے فیضیاب ہورہے ہیں۔

------**Byte**------

ڈی سی سرینگر

ضلع ترقیاتی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے کل بلبل لانکر سرینگر میں نارائن مندر کی تجدید نو کے کام کا جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ کام کے معیار کو برقرار رکھتے ہوئے اس اہم مذہبی مقام کی تجدید نو جلد از جلد مکمل کریں۔انہوں نے بین محکمہ جاتی تال میل پر بھی زور دیا۔

ڈی سی اننت ناگ

اننت ناگ کے ضلع ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے کل ایک میٹنگ کے دوران بجبہاڑہ اننت ناگ سڑک کی کشادگی سے متعلق پروجیکٹ کا جائزہ لیا۔انہوں نے ریونیو حکام کو ہدایت دی کہ وہ اراضی کی ڈیمارکیشن کے ساتھ ساتھ مجوزہ الائنمنٹ کا کام ہاتھ میں لیں۔انہوں نے اس سلسلے میں ایک تفصیلی پروجیکٹ تیار کرنے کی بھی ہدایات دیں۔

ڈی سی کولگام

کولگام کے ڈپٹی کمشنر شہزاد عالم نے کل چھمر دمحال ہانجی پورہ میں حضرت شیخ نورالدین نورانیؒ کی زیارت گاہ پر حاضری دی اور وہاں ایام متبرکہ کے دوران زائرین کیلئے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ افسروں پر زور دیا کہ وہ زیارت گاہ کے آس پاس صفائی ستھرائی،بجلی، پانی اور پارکنگ کی سہولیات دستیاب رکھیں۔

ڈی سی شوپیان

شوپیاں کے ضلع ترقیاتی کمشنر ششر گپتا نے کل ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں ایک ڈسٹرکٹ ڈی اڈیکشن سنٹر قائم کرنے سے متعلق امور کا جائزہ لیا۔کمشنر موصوف نے اس موقعے پر کہا کہ یہ مرکز قائم کرنے سے منشیات کے خلاف بیداری پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ اس لت میں پھنسے لوگوں کو علاج ومعالجے،کونسلنگ اور باز آبادکاری کی معیاری سہولیات دستیاب ہوں گی۔انہوں نے نشہ مکت جموں وکشمیر ابھیان کے ضلع سطح پر سرگرمیوں میں تیزی لانے کی ہدایات دیں۔

بانڈی پورہ

بانڈی پورہ حلقے کے اسمبلی ممبر نظام الدین بٹ نے کل ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں مختلف محکموں کی طرف سے چلائی جارہی فلاحی اسکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔انہوں نے خاص طور سے روزگار،کارخانہ داری اور دیگر عوامی معاملات کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔انہوں نے ضلعے میں صنعتی سیکٹر کو دوام بخشنے کی طرف خصوصی توجہ دینے کی ہدایات دیں۔اس موقعے پر بتایا گیا کہ ضلعے میں اس وقت سکل ڈیولپمنٹ اور روائتی ہنروں کو فروغ دینے کیلئے **15** ہینڈی کرافٹ ٹریننگ مراکز کام کررہے ہیں۔

## CLOSING

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔اجازت دیجئے۔خدا حافظ۔